﴾ خالی آسامیوں کے لیئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ﴿

ضلعی عدلیہ مانسہرہ میں درج ذیل خالی آسامیوں کیلیئے ضلع مانسہرہ کے مستقل سکونتی دربائشی شہریوں سے خالی آسامیوں کے لیئے مرد/خواتین اہل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں جو کہ مورخہ 07-05-2022 کو بوقت 12:00 بجے دن زیردستخطی کے دفتر میں پہنچ جانی چاہئیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	کم از کم تعلیمی قابلیت	منظور شدہ آسامیاں	عمر کی حد	کل خالی آسامیاں/ کوٹہ
1.	کمپیوٹر آپریٹر BPS-16	i. MSc/BIT/BCS or Equivalent from recognized university	کل 28	18 تا 30 سال (01-01-2022 تک)	جنرل 03 خواتین 02 اقلیت 01 کل 06
2.	جونیئر سکیل سٹینوگرافر BPS-14	i. Intermediate or equivalent qualification from recognized board and ii. a speed of 50 words per minute in shorthand and 35 words per minute typing in English. Preference will be given to the candidates having knowledge of MS Office.	کل 23	18 تا 30 سال (01-01-2022 تک)	جنرل 06 خواتین 02 اقلیت 01 کل 09
3.	جونیئر کلرکس BPS-11	i. Secondary School Certificate Examination or equivalent qualification from a recognized Board, and ii. a speed of 30 words per minute in typing.	کل 55	18 تا 30 سال (01-01-2022 تک)	جنرل 13 خواتین 01 اقلیت 02 کل 16
4.	ڈرائیور BPS-06	Middle standard and in possession of i. HTV license or ii. LTV License in case of light duty vehcile with at least five years experence as such.	کل 11	30 تا 45 سال درخواست جمع کروانے کی تاریخ تک سرکاری ملازمین کی عمر میں رعایت بمطابق قانون ہوگی۔	جواتین 01 کل 01

شرائط وضوابط:

☆ درخواست فارم دفتر ہذا سے وصول کیا جاسکتا ہے یا ضلعی عدلیہ مانسہرہ کی ویب سائیڈ www.dscmansehra.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے تاکہ ہر درخواست ایک ہی طرز پر لکھی اور دی جاسکے تاہم امیدوران اپنے طور پر بھی مجوزہ فارم خود تیار کر کے درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ مجوزہ فارم کے علاوہ درخواست پر عمل نہیں ہوگا نیز درخواست کے ہمراہ دو معزز اشخاص جو کہ رشتہ دار نہ ہوں سے چال چلن کا سرٹیفکیٹ بھی لف ہونا لازمی ہے۔

☆ درخواست دہندہ ضلع مانسہرہ (خیبر پختون خواہ) کے اصل کی حامل اور مستقل سکونتی ہوں ہر درخواست دہندہ اپنی اپنی درخواست پر رابطہ نمبر لازمی لکھے گا/گی۔

☆ درخواست کے ساتھ متعلقہ سرٹیفکیٹس/تعلیمی اسناد بمعہ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقول لف ہوں نیز ہمراہ کریکٹر سرٹیفکیٹ آخری تعلیمی ادارہ سے جاری شدہ لف کرنا لازمی ہے جبکہ اصل سرٹیفکیٹ وغیرہ بوقت ٹیسٹ/انٹرویو ساتھ لانا لازمی ہونگے۔ بصورت دیگر ٹیسٹ/انٹرویو میں شامل ہونے کے اہل نہیں ہونگے/ہونگیں۔

☆ امیدواروں کی تعداد کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ٹیسٹ/انٹرویو کے لیئے کسی دیگر جگہ کا انتخاب کرنا اگر مناسب سمجھا گیا تو اس سلسلہ میں امیدواروں کو بذریعہ نوٹس (جو عدالت ہذا کے نوٹس بورڈ پر چسپاں کر دیا جائے گا) مطلع کر دیا جائے گا۔

☆ امیدوراں کی تعداد کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے سکریننگ ٹیسٹ لیا جاسکتا ہے جس کے بعد مطلوبہ skill کو جانچا جائے گا اور بعد ازاں تحریری ٹیسٹ وانٹرویو (کامیاب امیدوران) لیا جائے گا

☆ ٹیسٹ/انٹرویو کے لیئے امیدواران کی تاریخ کا اعلان بعد میں نوٹس بورڈ پر چسپاں کیا جائے گا اور عدالت ہذا کی ویب سائیٹ کے زریعے بھی اطلاع دی جائے گی۔

☆ سرکاری ملازمین اپنے محکمے کی وساطت سے درخواست ارسال کریں اور اپنے Lien کے حق کی وضاحت بھی محکمانہ مجاز اتھارٹی سے کروائیں۔

☆ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں پر کوئی غور اور عمل نہیں کیا جائے گا۔

☆ ٹیسٹ/انٹرویو کے لیئے آنے والے امیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

☆ سیریل نمبر 4 کیلیئے Un-Employment Certificate لف کرنا لازمی ہے جو کہ دفتر District Employment Exchange مانسہرہ سے جاری شدہ ہو۔ مذکورہ دفتر میں اندراج میں مشکلات کی صورت میں دفتر ہذا سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ نیز سیریل نمبر 4 بذریعہ ٹیکنیکل کمیٹی شارٹ لسٹ ہوگی جس کے بعد کامیاب امیدوران کا انٹرویو ہوگا۔

☆ جو شادی شدہ خواتین پہلے سے سرکاری ملازمت میں نہ ہیں اور انکے خاوند ضلع مانسہرہ کے ڈومیسائل ہولڈر ہیں وہ بھی درخواست دینے کی مجاز ہیں۔ البتہ جو خواتین پہلے سے سرکاری ملازمت میں ہیں اور ضلع مانسہرہ کی ڈومیسائل ہولڈر نہ ہیں وہ محض خاوند کے مانسہرہ کے ڈومیسائل کی بنیاد پر اہل نہ ہیں۔

☆ عمر کی بالائی حد میں رعایت صوبائی حکومت کے مروجہ قواعد 2008 کی روشنی میں دی جائے گی۔ سیریل نمبر 01 تا 04 کی آسامی پانے کے لیئے تمام زائد از عمر امیدوران کو بھرتی کے عمل میں شرکت کا موقع دیا جائے گا اور کارکردگی کی بنیاد پر بھرتی کمیٹی (DSC) کی سفارشات کی روشنی میں رعایت کا تعین کیا جائے گا۔

☆ مجاز اتھارٹی پالیسی کے مطابق اشتہار میں تبدیلی/ترمیم یا اسے منسوخ کرنے، آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔

(ضیاء الرحمان)
ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مانسہرہ

Scanned with CamScanner